تاہم اردو خواں حضرات اس رسالہ سے بھی کسی حد تک اندازہ کر سکیں گے کہ امام کس پایہ کے شخص تھے۔

خاکسار تحریک مذہب و سیاست کی روشنی میں | مولانا محمد منظور صاحب نعمانی ، ضخامت ۱۲۴ صفحات۔ قیمت ۱ر - مکتبۂ الفرقان ، بریلی۔

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے ، مصنف نے اس کتاب میں خاکسار تحریک پر دو حیثیتوں سے بحث کی ہے ، ایک یہ کہ جن نظریات اور اصولوں پر اس تحریک کی بنا رکھی گئی ہے وہ دین اسلام سے کہاں تک مطابقت رکھتے ہیں ، اور دوسرے یہ کہ سیاسی حیثیت سے یہ تحریک مسلمانوں کے لیے کہاں تک مفید ہے بحث کا تمام تر مدار خود اس تحریک کے مستند لٹریچر پر رکھا گیا ہے ، یا پھر ایسے واقعات پر جو ناقابل انکار ہیں۔ طرز بحث نہایت سنجیدہ اور منصفانہ ہے ، اور اگر کوئی شخص واقعی امر حق معلوم کرنے کا خواہشمند ہو تو یہ کتاب اس کو مطمئن کرنے کے لیے کافی ہے۔

الفرقان ، شاہ ولی اللہ نمبر | مرتبہ مولانا محمد منظور نعمانی صاحب۔ ضخامت ۴۳۲ صفحات۔ قیمت قسم خاص مجلد سے ، غیر مجلد ۶ر - قسم عام مجلد ۶ر غیر مجلد ۴ر۔ دفتر الفرقان بریلی۔

الفرقان کو اس سے پہلے حضرت شاہ اسماعیل شہید اور حضرت شیخ احمد سرہندی رحمہما اللہ کے حالات میں دو مستقل نمبر شائع کرنے کا شرف حاصل ہو چکا ہے۔ اب اسی سلسلہ میں اس نے یہ تیسرا نمبر شائع کیا ہے جو حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کی سیرت سے تعلق رکھتا ہے۔ یہ تیسرا نمبر خود الفرقان کے بھی پچھلے دونوں نمبروں سے بازی لے گیا ہے ، اور اس حیثیت سے بھی بے مثل ہے کہ شاہ صاحب اور ان کے دور اور انکے کارناموں کے متعلق نہ تو اتنی معلومات اس سے پہلے کہیں جمع کی گئی تھیں ، اور نہ قلیل التعداد اہل علم کے ماسوا اس عظیم الشان شخصیت سے عامۂ خلائق کو کبھی اتنی تفصیل کے ساتھ روشناس ہونے کا موقع ملا تھا۔ اس مجموعہ میں صرف شاہ صاحب کی سیرت ہی بیان نہیں ہوئی ہے ، بلکہ تاریخ ، عقائد ، اصول دین ، کلام ، فقہ ، حدیث اور مختلف موضوعات پر بھی بہت سی بیش قیمت معلومات ضمناً فراہم ہوگئی ہیں جو ناظرین کے لیے ان شاء اللہ